# محراب امیر المؤمنین علیہ السلام کے اعمال

جس مقام پر امیر المؤمنین علیہ السلام کو ضربت لگی تھی وہاں دو رکعت نماز، حمد اور جس سورہ کے ساتھ چاہے ادا کرے اس کے بعد تسبیح فاطمہ زہرا پڑھے اور پھر کہے:

**يَا مَنْ أَظْهَرَ الْجَمِيلَ، وَسَتَرَ الْقَبِيحَ، يَا مَنْ لَمْ يُؤاخِذْ بِالْجَرِيرَةِ، وَلَمْ يَهْتِكِ السِّتْرَ وَالسَّرِيرَةَ،**

اے وہ جواچھائی کو ظاہر کرتا اور برائی کو ڈھانپتا ہے اے وہ جو جرم پر گرفت نہیں کرتا اور نہ پردہ فاش کرتا ہے نہ چھپی باتیں عیاں کرتا ہے

**يَا عَظِيمَ الْعَفْوِ، يَا حَسَنَ التَّجاوُزِ، يَا واسِعَ الْمَغْفِرَةِ، يَا باسِطَ الْيَدَيْنِ بِالرَّحْمَةِ، يَا صاحِبَ**

اے بہت معاف کرنے والے اے بہترین درگذر کرنے والے اے بہت زیادہ بخشنے والے اے رحمت کے لیے دونوں

**كُلِّ نَجْوىٰ، يَا مُنْتَهىٰ كُلِّ شَكْوىٰ، يَا كَرِيمَ الصَّفْحِ يَا عَظِيمَ الرَّجاءِ يَا سَيِّدِي صَلِّ عَلَى**

ہاتھ کھلے رکھنے والے اے ہر راز کے راز دار اے ہر شکایت کیلئے آخری قرار گاہ اے بزرگ معاف کرنے والے اے بڑی امید گاہ اے میرے آقا

**مُحَمَّدٍ وَآلِ مُحَمَّدٍ وَافْعَلْ بِي مَا أَنْتَ أَهْلُهُ يَا كَرِيمُ .**

محمدؐ و آل محمدؐ پر رحمت فرما اور میرے ساتھ وہ سلوک کر جو تیرے شایاں شان ہے اے مہربان۔

PDF created with pdfFactory Pro trial version www.pdffactory.com